01.11.2024

13.50 Hrs

HL-OPENNING

آداب
یہ آکاشوانی ہے
خبروں کے ساتھ میں محمد عمار

**Music**

.................................

☆ وزیر داخلہ امت شاہ نے آج احمد آباد میں، کچرے کو توانائی میں بدلنے کے، گجرات کے سب سے بڑے پلانٹ کا افتتاح کیا۔
☆ کرناٹک، کیرالہ، چھتیس گڑھ، ہریانہ اور مدھیہ پردیش آج اپنا یوم تاسیس منا رہے ہیں۔
☆ آج جھارکھنڈ میں دوسرے مرحلے کے اسمبلی انتخابات کیلئے نامزدگی واپس لینے کا آخری دن ہے۔
☆ امریکہ میں صدارتی انتخابات کی مہم کے آخری ہفتہ میں، کملا ہیرس اور ڈونلڈ ٹرمپ زبردست طریقے سے ایک دوسرے کے آمنے سامنے ہیں۔
☆ اور کرکٹ میں، بھارت اور نیوزیلینڈ کے درمیان تیسرا اور آخری ٹسٹ میچ ممبئی میں جاری ہے۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے۔۔۔

**Gujarat-Amit Shah**

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے آج احمد آباد میں Pirana میں کچرے پھینکنے کے مقام پر گجرات کے سب سے بڑے بجلی پیدا کرنے والے پلانٹ کا افتتاح کیا۔ یہ پلانٹ 375 کروڑ روپے مالیت کے ساتھ پی پی پی ماڈل پر قائم کیا گیا ہے۔ اِس پلانٹ میں ایک ہزار میٹرک ٹن ٹھوس کچرے سے یومیہ 15 میگاواٹ بجلی تیار کرنے کی صلاحیت ہے۔ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ یہ کچرے سے بجلی پیدا کرنے والا احمد آباد کا پہلا پلانٹ ہے۔ گجرات کے وزیراعلیٰ بھوپیندر پٹیل بھی اِس موقع پر موجود تھے۔

**PM-States Fomation Day**

کرناٹک، کیرالہ، چھتیس گڑھ، ہریانہ اور مدھیہ پردیش   آج اپنا یوم تاسیس منارہے ہیں۔اس موقع پر وزیر اعظم نریندر مودی نے کرناٹک، کیرالہ، چھتیس گڑھ، ہریانہ اور مدھیہ پردیش کے عوام کو اُن کی ریاستوں کے یوم تاسیس کے موقع پر مبارکباد دی ہے اور نیک خواہشات کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے ان ریاستوں کے لوگوں کی خوشی اور کامیابی کے لئے دعا کی۔ جناب مودی نے اِس بات کو اجاگر کیا کہ کرناٹک میں ایسے باصلاحیت لوگ ہیں، جو پیداوار اور اختراع کے

سیکٹروں کو مضبوطی فراہم کررہے ہیں۔ انھوں نے اِس بات کو بھی اجاگر کیا کہ Kannada Rajyotsava کی شاندار ثقافت اور روایات کو تسلیم کئے جانے کا نہایت خصوصی موقع ہے۔وزیر اعظم نے کہا کہ کیرالہ ریاست اپنے مسحور کن مناظر، درخشاں روایات اور محنت کش افراد کیلئے جانی جاتی ہے۔انھوں نے کہا کہ کیرالہ کے لوگوں نے دنیا بھر میں مختلف شعبوں میں اپنی شناخت قائم کی ہے۔ چھتیس گڑھ کے عوام کو نیک خواہشات پیش کرتے ہوئے جناب مودی نے کہا کہ یہ ریاست شاندار لوک روایتوں اور قبائلی ثقافت کا ایک ایسا شاندار مجموعہ ہے اور یہ ترقی کے راستے پر مسلسل تیزی کے ساتھ گامزن ہے۔ جناب مودی نے اِس بات کو بھی اجاگر کیا کہ ہریانہ اپنی مالامال تاریخی وراثت کیلئے مشہور ہے، جس نے ملک کی ترقی میں اہم تعاون دیا ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ قدرتی خزانے اور ثقافتی وراثت سے مالامال مدھیہ پردیش نے ہر شعبے میں ترقی کے مسلسل نئے معیارات قائم کئے ہیں۔

### Prez-VP-Statehood Day

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو اور نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے آج آندھرا پردیش، چھتیس گڑھ، ہریانہ، کرناٹک، کیرالہ، مدھیہ پردیش، پنجاب، تمل ناڈو، لکشدیپ اور پڈوچیری کے لوگوں کو ان کی ریاستوں کے یوم تاسیس کے موقع پر مبارکباد دی ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے ملک کی ترقی کے سفر میں اِن ریاستوں اور مرکز کے زیر انتظام علاقوں کے لوگوں کی خدمات کا ذکر کیا۔ دوسری طرف جناب جگدیپ دھنکھڑ نے دعا کی ہے کہ یہ ریاستیں اور مرکز کے زیر انتظام علاقے ترقی کرتے رہیں اور ملک کے امن اور خوشحالی میں اپنا تعاون دیتے رہیں۔

### PM Devender Rana Demise

وزیر اعظم نریندر مودی اور وزیر داخلہ امت شاہ نے BJP کے سینئر رہنما اور جموں کشمیر کے نگروٹہ اسمبلی سیٹ کے موجودہ MLA دویندر سنگھ رانا کے انتقال پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزیر اعظم مودی نے کہا کہ اُن کے انتقال سے صدمہ ہوا ہے۔ جناب مودی نے یہ کہتے ہوئے اُن کے کام کی ستائش کی کہ جناب رانا نے جموں کشمیر کی ترقی کی ضمن میں جانفشانی سے کام کیا۔ وزیر اعظم نے جموں کشمیر میں BJP کو مضبوط بنانے میں جناب رانا کے اہم رول کو بھی اجاگر کیا۔ سرکردہ BJP رہنما، جموں کے نگروٹہ MLA اور نامور کاروباری شخص دویندر سنگھ رانا کا کل رات فریدآباد میں ایک پرائیویٹ اسپتال میں انتقال ہوگیا۔ وہ 59 برس کے تھے۔اُن کے کنبے میں اُن کی ماں، اہلیہ، تین بچے اوروزیر اعظم کے دفتر میں مرکزی وزیر ڈاکٹر جتیندر سنگھ سمیت دو بھائی شامل ہیں۔

### Debroy Demise

وزیر اعظم کی اقتصادی مشاورتی کونسل کے چیئرمین ڈاکٹر Bibek Debroy کا آج صبح نئی دلی کے ایمس میں انتقال ہوگیا۔ وہ 69 سال کے تھے۔ انہیں کل رات اسپتال میں داخل کرایا گیا تھا۔ڈاکٹر Debroy ایک ماہر اقتصادیات تھے اور اُن کی تعلیم کولکاتا کے پریزیڈینسی کالج کے رام کرشن مشن اسکول اور دلی اسکول آف Economics and Trinity کالج کیمبرج میں ہوئی تھی۔ وزیر اعظم نریندر مودی نے ڈاکٹر Bibek Debroy کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔جناب مودی نے آج ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا کہ ڈاکٹر Debroy ایک دراز قد اور اقتصادیات، تاریخ، ثقافت، سیاسیات، روحانیت جیسے مختلف میدانوں میں گرانقدر شخصیت کے مالک تھے۔

**Jharkhand Election**

جھارکھنڈ میں اسمبلی انتخابات کے دوسرے مرحلے کیلئے کاغذات نامزدگی واپس لینے کا آج آخری دن ہے۔ اِس مرحلے کیلئے 634 امیدواروں نے اپنے کاغذات نامزدگی داخل کیے ہیں۔ دوسرے مرحلے کے تحت 20 نومبر کو 38 حلقوں میں پولنگ ہوگی، جبکہ پہلے مرحلے کے تحت 13 نومبر کو 43 حلقوں میں ووٹ ڈالے جائیں گے۔ امیدواروں کے کاغذات نامزدگی واپس لینے کے بعد پہلے مرحلے میں 685 امیدوار انتخابی میدان میں ہیں۔ ووٹوں کی گنتی 23 نومبر کو ہوگی۔

**Rajesh Kumar Defence Secy**

کیرالہ کیڈر سے تعلق رکھنے والے 1989 بیچ کے IAS آفیسر راجیش کمار سنگھ نے آج دفاع کے سکریٹری کے طور پر اپنا عہدہ سنبھال لیا ہے۔ جناب سنگھ نے آندھرا پردیش کیڈر کے 1988 بیچ کے IAS آفیسر گری دھر ارمانے کی جگہ لی ہے، جو کل اپنی سروس سے ریٹائر ہوگئے۔ عہدہ سنبھالنے سے قبل جناب سنگھ نے نئی دِلی میں قومی جنگی یادگار پر گلہائے عقیدت نذر کئے اور شہیدوں کو خراجِ عقیدت پیش کیا۔ اِس سے پہلے جناب سنگھ تجارت و صنعت کی وزارت میں صنعت اور داخلی تجارت کے فروغ کے محکمے کے سکریٹری کے طور پر اپنی خدمات انجام دے رہے تھے۔

**Govt Namo Drone Didi**

حکومت نے سرکاری سیکٹر کی اسکیم نمو ڈرون دیدی کے کام کاج سے متعلق رہنما خطوط جاری کئے ہیں۔ زراعت اور کسانوں کی بہبود کی وزارت نے دین دیال انتودے یوجنا- قومی دیہی روزگار مشن کے تحت ایک ہزار 261 کروڑ روپے کے کُل خرچ سے خواتین کے اپنی مدد آپ گروپوں کو ڈرونس فراہم کرنے کیلئے مرکزی سیکٹر کے اِس اسکیم کو منظوری دی ہے۔ اِس اسکیم کا مقصد 2024-25 سے 2025-26 کی مدت کے دوران 14 ہزار 500 چنندہ خواتین اپنی مدد آپ گروپوں کو ڈرونس فراہم کرنا ہے۔

**Iron Ore Production**

موجودہ مالی برس کی پہلی ششماہی کے دوران خام لوہے کی پیداوار میں ساڑھے پانچ فیصد کی شرحِ ترقی درج کی گئی ہے۔ کانکنی کی وزارت نے کہا ہے کہ مالی برس 2024-25 کے دوران اپریل سے ستمبر تک خام لوہے کی پیداوار بڑھ کر 135 ملین میٹرک ٹن ہوگئی، جو کہ گزشتہ مالی برس اسی مدت کے دوران 128 ملین میٹرک ٹن تھی۔ اپریل سے ستمبر 2024-25 کے دوران خام Manganese کی پیداوار میں پچھلے سال کے مقابلے 6 اعشاریہ دو فیصد کا اضافہ ہوا ہے۔ اِس دوران خام Manganese کی پیداوار ایک اعشاریہ سات ملین میٹرک ٹن ہوئی ہے۔

**Delhi-Fire Call**

دِلی میں آگ بجھانے والے محکمے کو اِس سال دیوالی کے موقع پر غیرمعمولی تعداد میں ایمرجنسی کال موصول ہوئی، جو کہ گزشتہ دس سال کے دوران سب سے زیادہ ہے۔ آکاشوانی نیوز سے بات کرتے ہوئے دِلی فائر سروسز کے ڈائریکٹر اتل گرگ نے کہا کہ شام پانچ بجے سے صبح پانچ بجے تک صرف 12 گھنٹے کے دوران 300 سے زیادہ کال موصول ہوئیں۔ جناب گرگ نے کہا کہ آگ لگنے کے واقعے میں تین اموات کی بھی خبر ہے۔ جناب گرگ نے کہا کہ اِس سال آگ لگنے کا کوئی بڑا واقعہ پیش نہیں

آیا، کیونکہ اُنہوں نے دیوالی کیلئے آگ بجھانے والے عملے کی تعداد میں اضافہ کردیا تھا۔

**LPG Price Hike**

میٹرو شہروں میں کمرشیل رسوئی گیس سلنڈروں کی قیمتوں میں 62 روپے کا اضافہ کیا گیا ہے۔ تیل مارکیٹنگ کمپنیوں نے آج سے نافذ العمل ترمیم شدہ قیمتوں کا اعلان کیا ہے۔ دِلی میں 19 کلو گرام کمرشیل LPG سلنڈر کی خوردہ قیمت 1740 روپے سے بڑھا کر1802روپے کردی گئی ہے۔ پانچ کلو گرام FTL سلنڈروں کی قیمتوں میں بھی 15 روپے کا اضافہ کیا گیا ہے۔ وہیں 14.2 کلو گرام سلنڈر کی قیمتوں میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے۔ لگاتار چوتھے مہینے تیل مارکیٹنگ کی کمپنیوں نے 19 کلو گرام کمرشیل LPG کی قیمتوں میں اضافہ کیا ہے۔

**Railway Advance Ticket**

ٹرین ٹکٹ کے پیشگی ریزرویشن سے متعلق ضابطے آج سے نافذ ہوگئے ہیں۔ ریلوے محکمے نے ریل گاڑیوں میں پیشگی ریزرویشن کے لیے 120 دن کی مدت کو کم کرکے 60 دن کردیا ہے۔ البتہ اِس سال 31 اکتوبر تک کی گئی بکنگ اپنی جگہ موجود رہے گی۔ریلوے کی وزارت کے مطابق 60 دن کی بکنگ کی اِس مدت سے ٹکٹ کی ذخیرہ اندوزی کے امکانات کم ہوں گے اور مسافروں کے لیے مزید ٹکٹوں کی یقین دہانی ہوگی۔ وزارت نے کہا کہ یہ دیکھنے میں آیا ہے کہ 61 سے 120 دن کی مدت میں جو ریزرویشن کرایا جاتا ہے، اُس میں سے تقریباً 21فیصد ریزرویشن منسوخ کردیا جاتا ہے۔تاج ایکسپریس اور گومتی ایکسپریس جیسی، دن میں چلنے والی کچھ ایکسپریس ریل گاڑیوں کے پیشگی ریزرویشن کی، کم مدت کا سلسلہ جاری رہے گا۔وزارت نے یہ بھی بتایا ہے کہ غیر ملکی سیاحوں کے لیے پیشگی ریزرویشن کی مدت میں کوئی تبدیلی نہیں کی گئی ہے اور یہ مدت 365 دن ہی رہے گی۔

**Army Garud Shakti**

25 فوجیوں پر مشتمل بھارتی فوج کا ایک دستہ خصوصی مشترکہ فوجی مشق Garud Shakti 24 میں حصہ لینے کیلئے آج جکارتہ روانہ ہوا۔ یہ بھارت-انڈونیشیا کی نویں مشقیں ہیں جو آج سے اِس مہینے کی 12 تاریخ تک جاری رہیں گی۔بھارتی دستے کی نمائندگی پیراشوٹ Regiment خصوصی دستوں کے فوجی اور انڈونیشیا کا دستہ 40 فوجیوں پر مشتمل ہے، جس کی نمائندگی انڈونیشیا کے خصوصی دستے Kopassus کریں گے۔مشقوں کا مقصد دونوں ملکوں کی خصوصی فوجوں کو ایک دوسرے کی کارکردگی کے طریقوں سے واقف کرانا، باہمی مفاہمت، تعاون اور تال میل کے ساتھ کام کرنے میں اضافہ کرنا ہے۔

**Bangladesh-Kali Puja**

بنگلہ دیش میں ہندو برادری کا مذہبی تہوار کالی پوجا یا شیاماپوجا جمعرات کو ملک بھر میں پورے تقدس اور جوش وخروش کے ساتھ منایا گیا۔ پوجا کے اصل ارکان، کالی دیوی کی پوجا، گھروں اور مندروں میں مٹی کے دیے جلائے جانا اور گزرے ہوئے لوگوں کی یاد میں شمسان گھاٹ پر دیے جلائے جانا ہیں۔ کالی پوجا کو روشنیوں کا تہوار دیپاولی یا دیوالی بھی کہا جاتا ہے۔

### Muhurat Trading

نیشنل اسٹاک ایکسچینج اور بامبے اسٹاک ایکسچینج آج شام سالانہ دیوالی Muhurat کاروبار کریں گے۔ نئے کیلنڈر سال سموَت دو ہزار اکیاسی کے آغاز کے موقع پر یہ خصوصی کاروبار ہوگا۔نیشنل اسٹاک ایکسچینج کے نوٹیفکیشن کے مطابق کاروبار شروع ہونے سے پہلے کا Session شام پونے چھ بجے شروع ہوگا اور چھ بجے ختم ہوجائے گا۔ معمول کا مارکیٹ کاروبار شام چھ بجے سے سات بجے کے درمیان ہوگا۔ بھارتی شیئر بازار دیوالی کے دن Muhurat کاروبار کا اہتمام کرتے ہیں اور اکثر یہ تقریباً ایک گھنٹے کا ہوتا ہے۔ اِسے سرمایہ کاروں اور کاروباری افراد کی جانب سے سرمایہ کاری کیلئے شُبھ وقت مانا جاتا ہے۔

### Cricket

کرکٹ میں نیوزیلینڈ ممبئی کے وانکھیڑے اسٹیڈیم میں تیسرے اور آخری ٹسٹ میچ کے پہلے دن بھارت کے خلاف اپنی پہلی اننگز میں آخری خبریں ملنے تک 5 وکٹ پر175 رن بنا چکا تھا۔ اِس سے پہلے میزبان ٹیم نے ٹاس جیتا اور پہلے بلے بازی کا فیصلہ کیا۔ نیوزیلینڈ یہ سیریز پہلے ہی جیت چکا ہے۔ اُس نے بنگلورو اور پُنے میں بھارت کو تین میچوں کی اِس سیریز کے پہلے اور دوسرے ٹسٹ میچ میں شکست دے دی تھی۔

### US-Poll

امریکہ میں، کملا ہیرس اور ڈونلڈ ٹرمپ کے درمیان صدارتی انتخابات کی مہم آخری ہفتے میں داخل ہوگئی ہے اور یہ زور وشور سے جاری ہے۔ یہ انتخابات 5 نومبر کو ہونا ہے۔ انتخابی سروے کے مطابق دونوں ہی امیدوار شانہ بہ شانہ چل رہے ہیں۔ زیادہ تر جائزوں میں کملا ہیرس کو، ٹرمپ سے تھوڑا آگے بتایا گیا ہے۔امریکی صدر جوبائیڈن کی طرف سے دوبارہ چناؤ نہ لڑنے کے فیصلے کے بعد ڈیموکریٹک پارٹی نے کملاہیرس کو اپنا صدارتی امیدوار نامزد کردیاتھا۔ ابھی تک چھ کروڑ 10 لاکھ امریکی عوام اپنا ووٹ دے چکے ہیں۔ ووٹروں نے اپنا ووٹ یا تو میل کے ذریعہ بھیجا ہے یا انتخابات کے شروع میں ذاتی طور پر خود یہ ووٹ ڈالا تھا۔